Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۵ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲ جمادی الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء (نمبر ۳۵)

احکام جلالت مآب اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری گریڈ تحصیلداران جدید	۲و۳	۴	تقرر منشی حامد حسین صاحب بعہدہ سپرنٹنڈنگ قانون گو	۶
۲	منظوری رخصت میجر آغا خان صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری	۳	۵	تقرر ڈاکٹر شاہد حسین صاحب رضوی بعہدہ میڈیکل افسر ملٹری ہاسپٹل	
۳	منظوری تنظیم کلریکل اسٹاف دفاتر فوج	۳تا۴			

آرڈرز ان کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری تجویز بابتہ ہدایات سلسلہ وصول مطالبہ واگزاری	۵	۳	منظوری پنشن مستقل منشی یوسف علی خان صاحب سابق تحصیلدار	۷
۲	تقرر عارضی عبد الصمد کلرک سلسلہ رخصت کاؤنٹ کلرک جامع	۶		متفرق آرڈرز ان کونسل رامپور اسٹیٹ	

(۱۵۸)

احکام ہمایوں و عالیات اجلاس اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- مورخہ ۲۲ جولائی ۱۹۳۸ء

بصراحت رپورٹ - گریڈ جدید تحصیلداران کی منظوری دی جاتی ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض　　　　　می رساند

جنابعالی

عرضداشت کونسل - مورخہ ۱۲ مئی ۱۹۳۸ء میں عرض کیا گیا تھا - کہ تحصیلداران کے سابقہ گریڈ ماہر - ماہر - ماہر - اور ایک سلیکشن گریڈ ماہر بر مدت ملازمت پنشن سالہ کے بجائے جدید گریڈ ماہر - ماہر - ماہر - از یکم مئی ۱۹۳۸ء منظور فرمایا جائے - اور ایک انتہائی سلیکشن گریڈ ماہر ماہانہ کا بیس سالہ ملازمت کی شرط پر عطا فرمایا جائے - جدید گریڈ کے سلسلہ میں یہ بھی گذارش کیا گیا تھا - کہ اس گریڈ کے اضافہ جات کا اثر موجودہ بجٹ پر تقریبًا للعہ ماہانہ کے پڑے گا - کیونکہ ایسے تحصیلدار صرف دو ہیں جو ماہر ماہانہ سے کم تنخواہ پا رہے ہیں

اور برائے آئندہ سالہ سالانہ کے متواتر مصارف کی بیشی ہوگی - اور جب کوئی ایک تحصیلدار سلیکشن گریڈ میں آئے گا تو مزید للعہ ماہانہ متواتر مصارف کی ایزادی ہوگی - سال رواں کے لئے اعانت کی مزید ضرورت ہوگی - جس کی منتقلی رزرو غیر معمولی فائنانس سے ہو سکے گی -

اسپر بتاریخ ۱۲ مئی ۱۹۳۸ء حکم ہمایوں صادر ہوا تھا کہ رزرو فائنانس اس لئے نہیں ہے کہ اس سے اضافہ و گریڈ ملازمان پر رقم صرف کی جائے - یہ صورت ہو سکتی ہے کہ بجٹ سال حال ریونیو ڈپارٹمنٹ سے اس قدر گنجائش نکال کر رپورٹ پیش کیجائے

چنانچہ عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر کا معروضہ ہے کہ اس وقت دو تحصیلدار ایک سو روپے ماہانہ فی کس تنخواہ پا رہے ہیں - اور ان کی امتحانی مدت ایک سال، سال رواں میں ختم ہوگی - اگر ان کا کام قابل اطمینان ثابت ہوا تو سال رواں میں مستقل کر دیا جائے گا - وہ مدت امتحانی میں بہ ستور ایک سو روپیہ ماہانہ تنخواہ پاتے رہیں گے - مستقلی پر گریڈ کی ابتدائی تنخواہ ماہر ماہانہ دیجائیگی جسکا مالی اثر بجٹ پر چند ماہ کے لئے بحساب للعہ ماہانہ

و ماس قلیل رقم کی منتقل کا انتظام آنریری فائنانس کی بجائے مدگرانٹ یا ضافہ ماہوار ان تعدادی ــــــ … سے یا آریونیو ڈپارٹمنٹ سے وقت ضرورت کیا جائیگا اور اگر مدت امتحانی میں مزید توسیع کی ضرورت لاحق ہوگی تو سال رواں کے بجٹ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۶ء میں اس امر سے اتفاق کیا کہ ان نائب تحصیلداران کو جو تحصیلداری کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اُن کی مدت امتحانی میں جو ایک سال سے کم نہ ہوگی ایک سو روپیہ ماہانہ تنخواہ ملے گی۔ اور مستقل ہونے پر گریڈ کی ابتدائی تنخواہ دی جانا مناسب ہوگی۔ بنا برآں ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری گریڈ جدید تحصیلداران ماعہ ــ صہ ــ ۱۲ ــ از یکم مئی ۱۹۳۶ء مع ایک انتہائی سلیکشن گریڈ ماصہ ماہانہ بشرط ملازمت بیس سال حسب معروضہ بالا شرف نفاذ پائے

زیادہ حد ادب ۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی ــــــــ
ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۲ جولائی ۱۹۳۶ء

◆

حکم

دارج ۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ۔ میجر آغا خان اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری کی بقیہ رخصت پانچ یوم۔ بوجہ عدم استفادہ منسوخ کیجاتا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

◆

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

بحکم اجلاس ہمایوں صدہ ورقہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۶ء

میجر آغا خاں صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری کی یوم استفادہ دو ہفتہ کی رخصت رعایتی منظور فرمائی گئی تھی۔ میجر صاحب ۸ جولائی ۱۹۳۶ء کو رخصت پر تشریف لے گئے۔ اور ۱۴ جولائی ۱۹۳۶ء کو واپس آکر ڈیوٹی پر حاضر ہوگئے۔ صرف نو یوم رخصت سے فائدہ اٹھایا۔ بقیہ پانچ یوم کی رخصت کی منسوخی کے مستدعی ہیں

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ حکم منسوخی رخصت پانچ یوم پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی ــــــــ
ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر
معروضہ ۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء

◆

حکم

دارج ۲۴ جولائی ۱۹۳۶ء

بصراحت فہرست منسلکہ۔ تنظیم کلریکل اسٹاف دفاتر فوج کی منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

◆

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۶ء میں عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کی تجویز مع فہرست اسٹیبلشمنٹ کلریکل اسٹاف آرمی ڈپارٹمنٹ پیش ہوئی۔ جس سے صیغہ فنانس کو اتفاق ہے کونسل نے حسب صراحت فہرست منسلکہ تنظیم کلریکل اسٹاف دفاتر متعلقہ جات فوج سے اتفاق رائے

اور تجویز کیا ہے کہ تھرڈ انفنٹری اور توپ خانہ کے دفاتر کا کام دوسرے یونٹس کے کلریکل اسٹاف سے لیا جائے۔ اس تنظیم سے [illegible] روپیہ سات آنہ چھ پائی ماہانہ کی بچت ہوگی۔

زیر غور و سند ہی ہے کہ بیشگاہ رعایاؤں سے حکم منظوری تنظیم کلریکل اسٹاف دفاتر مینوجات فوج بموجب فہرست منسلکہ شرف نفاذ یابد زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔ عرضی

زیر تنخواہ دستخط خاص [illegible]
مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۳۰ء

فہرست اسٹیبلشمنٹ کلریکل اسٹاف آرمی ڈپارٹمنٹ

نمبر شمار	نام رجمنٹ	عملہ موجودہ: عہدہ – رینک	عملہ موجودہ: عہدہ	عملہ موجودہ: تعداد	عملہ موجودہ: تنخواہ – تنخواہ	عملہ موجودہ: تنخواہ – الاؤنس	عملہ موجودہ: تنخواہ – کلوتھنگ الاؤنس	عملہ موجودہ: میزان	عملہ مجوزہ کونسل: عہدہ – رینک	عملہ مجوزہ کونسل: عہدہ بلحاظ تجویز	عملہ مجوزہ کونسل: تعداد	عملہ مجوزہ کونسل: تنخواہ – تنخواہ	عملہ مجوزہ کونسل: تنخواہ – الاؤنس	عملہ مجوزہ کونسل: میزان
۱	آرمی ہیڈ کوارٹرز	.	ہیڈ کلرک	۱	[illegible]	.	.	[illegible]	.	سپرنٹنڈنٹ	۱	[illegible]	.	[illegible]
			اکاؤنٹنٹ کلرک	۱	[illegible]	.	.	[illegible]		ہیڈ کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]
			ٹائپسٹ	۱	[illegible]	.	.	[illegible]		کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]
			کلرک	۱	[illegible]	.	.	[illegible]		کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]
			میزان	۴	[illegible]			[illegible]			۴	[illegible]		[illegible]
۲	رامپور روہیلہ لانسرز	دفعدار	محرر رجمنٹ	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	دفعدار	کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]
		"	انگلش کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]
		سوار	نائب محرر رجمنٹ اسسٹنٹ	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سوار	اسسٹنٹ کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]
		"	سپے کلرک	۱	.	[illegible]	.	[illegible]						
				۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]			۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۳	فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	جمعدار	ہیڈ کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	جمعدار	ہیڈ کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]
		حوالدار	محرر رجمنٹ	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	حوالدار	کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]
		"	کلرک	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	"	کلرک	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
		نائیک	کلرک	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نائیک	کلرک	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
		سپاہی	کلرک	۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سپاہی	اسسٹنٹ کلرک	۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
		حوالدار	سپے کلرک	۴	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.
		نائیک	سپے کلرک	۱	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.
		لانس نائیک	سپے کلرک	۴	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.
			میزان	۱۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]			۱۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نمبر شمار	نام دفتر	عملہ موجودہ: عہدہ فوجی	عملہ موجودہ: عہدہ	تعداد	تنخواہ	تنخواہ	تنخواہ	میزان	عملہ مجوزہ کونسل: عہدہ	عہدہ	تعداد	تنخواہ	تنخواہ	میزان	
۴	سکنڈ رامپور رفیقی انفنٹری	جمعدار	ہیڈ کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	حوالدار	کوارٹر ماسٹر کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
		نائک	کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نائک	کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
		سپاہی	کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سپاہی	اسسٹنٹ کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
		حوالدار	محرر رجمنٹ	۱	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.	
		نائک	پے کلرک	۱	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.	
		حوالدار	پے کلرک	۲	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.	
		لانس نائک	پے کلرک	۲	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.	
		سپاہی	کلرکس	۳	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.	
			میزان	۱۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]			۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۵	گورکھا کمپنی	حوالدار	پے کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نائک	کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
		سپاہی	پے کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سپاہی	اسسٹنٹ کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
		حوالدار	انگلش کلرک	۱	.	[illegible]	.	[illegible]	.	.	.	.	.	.	
			میزان	۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		.	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۶	ٹینشنیڈ	کلرک	کلرک	۱	[illegible]	.	.	[illegible]		اسسٹنٹ کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]	[illegible]
			میزان	۱	[illegible]			[illegible]			۱	[illegible]	.	[illegible]	
۷	ملٹری ہسپتال	.	کلرک	۱	[illegible]	.	.	[illegible]	.	کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]	
			میزان	۱	[illegible]			[illegible]			۱	[illegible]		[illegible]	
۸	بیٹ آرمی	.	کلرک	۱	[illegible]	.	.	[illegible]	.	اسسٹنٹ کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]	
			میزان	۱	[illegible]			[illegible]			۱	[illegible]		[illegible]	
۹	توپ خانہ	سپاہی	کلرک	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	.	.	.	.	.	
۱۰	تھرڈ رامپور رفقت انفنٹری	حوالدار	محرر رجمنٹ	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	.	.	.	.	.	
			میزان	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]							
			میزان کل	۲۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]			۲۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

حکم:- واقع ۲۲ جولائی ۱۹۳۸ء

بموجب رپورٹ۔ منشی حامد حسین سپرنٹنڈنٹ قانون گو کی خدمات برائے دو سال گورنمنٹ سے بشرائط مندرجہ عرضداشت حاصل کئے جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی!

عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۸ جولائی ۱۹۳۸ء میں تجویز پیش کی ہے کہ قبل ازیں ریاست میں لینڈ ریکارڈ افسر کے عہدے کے لئے مسٹر محمد یاسین کی مستعار خدمات حاصل کئے جانے کی اجلاس ہمایوں سے منظوری صادر فرمائی گئی تھی۔ چونکہ انہوں نے ریاست کے اس عہدے پر آنے سے انکار کیا اس لئے حکم مذکور پیشگاہ ہمایوں سے منسوخ فرما دیا گیا۔ عہدہ لینڈ ریکارڈ افسر کے لئے برائے دو سال منشی حامد حسین خاں سپرنٹنڈنگ قانون گو کی خدمات بشرائط ذیل بطور مستعار ریاست میں منتقل کیا جانا گورنمنٹ نے منظور کر لیا ہے۔

(۱) تنخواہ برٹش گورنمنٹ، اور اس پر [illegible] فیصدی زائد ریاست ادا کرے گی۔

(۲) اضافہ تنخواہ برٹش انڈیا اور اس پر [illegible] فی صدی زائد ادا کرے گی۔

(۳) [illegible] ماہوار ہاؤس الاؤنس

(۴) سفر خرچ بموجب قواعد ریاست۔

(۵) چندہ رخصت و پنشن بموجب قواعد گورنمنٹ ریاست سے دیا جائے گا۔

(۶) جوائننگ ٹائم کا سفر خرچ ہر دو جانب بموجب قواعد سفر خرچ برٹش انڈیا فائنینشل ہینڈ بک دیا جائے گا۔

(۷) تنخواہ جوائننگ ٹائم بموجب تنخواہ برٹش انڈیا ریاست سے دی جائے گی۔

کونسل کو تجویز مصرحہ بالا سے اتفاق ہے

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ معلیٰ سے حکم منظوری حصول خدمات مستعار منشی حامد حسین خاں سپرنٹنڈنگ قانون گو شرف نفاذ پائے۔

والادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

فدوی

ع

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۹ جولائی ۱۹۳۸ء

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دارالانشاء کو واپس کئے جائیں

۲۵ جولائی ۱۹۳۸ء

دستخط عالی مرتبت صاحب [illegible]

حکم

واقع ۲۴ جولائی ۱۹۳۳ء

بموجب رپورٹ ۔ ڈاکٹر سید شاہد حسین رضوی کا تقرر بطور اسسٹنٹ سرجن عہدہ میڈیکل آفیسر ملٹری ہاسپٹل (رامپور اسٹیٹ فورسیز میں) بہ تنخواہ دو سو روپیہ ماہوار و پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس ۔ مبعات رینک سکنڈ لفٹننٹ امتحاناً برائے ایک سال منظور ہے ۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

آرمی آرڈر جاری کیا جائے ۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض | می رساند

جناب عالی

بوجہ انتقال کپتان ڈاکٹر محمد احمد رشید رامپور اسٹیٹ فورسیز میں میڈیکل آفیسر کی جگہ خالی ہے ۔ اس جگہ کے لئے متعدد درخواستیں وصول ہوئیں ۔ صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر نے چند امیدواروں کو بغرض انٹرویو طلب کیا ۔ عالی مرتبت صاحب آفیشٹنگ چیف منسٹر بہادر و صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر و ڈائرکٹر تنخواہ نے باتفاق رائے ڈاکٹر سید شاہد حسین رضوی کو بلحاظ قابلیت عمر ۔ وغیرہ اس جگہ کے لئے مناسب خیال کیا ہے ۔ صاحب موصوف شہر کے ساکن ہیں ۔ ایک سال تک ایم ڈی کی ٹریننگ بھی حاصل کی ہے ۔ درخواست اور نقول سارٹیفکٹ بجنسہ ملاحظہ حضور انور میں پیش ہیں ۔

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ ڈاکٹر سید شاہد حسین رضوی کا تقرر بطور اسسٹنٹ سرجن عہدہ میڈیکل آفیسر ملٹری ہاسپٹل رامپور اسٹیٹ فورسیز میں بشاہرہ دو سو روپیہ ماہوار و پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس بموجب گریڈ منظور شدہ ۔ مبعات رینک سکنڈ لفٹننٹ امتحاناً ایک سال کے واسطے بنگاہ عنایاں سے منظور فرمایا جائے ۔

زیادہ حد ادب ۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی —— طے

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

معروضہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ۔ واقع ۲۹ جولائی ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ جولائی ۱۹۳۰ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز متعلق منظوری ہدایات مندرجہ ذیل سلسلہ وصول بلہائے واٹر ورکس پیش ہوئی۔

(۱) ہر بل کی ادائگی تاریخ وصول سے بیس یوم کے اندر ہونا ضروری ہے

(۲) بعد انقضائے میعاد بیس یوم دس روپیہ فیصدی تاوان قابل وصول ہوگا۔ اور بل کی رقم ایک ماہ تک وصول نہ ہو تب تاوان پندرہ فیصدی قابل وصول ہوگا اور مزید ایک ماہ گذرنے کے بعد بیس فیصدی تاوان قابل وصول ہوگا۔

(۳) تین ماہ تک مسلسل اگر کسی بل کی ادائگی نہ ہو تو مندرجہ بالا تاوان عائد کرنے کے بعد سلسلہ آب بغیر کسی نوٹس یا اطلاع کے محکمہ بند کرنے پر مجبور ہوگا۔

(۴) دوبارہ سلسلہ آب جاری کرنے کی فیس مبلغ دو روپے ہوگی۔

(۵) وہ کنزیومرس صاحبان جو سرکاری عمارات میں رہتے ہیں انکو مکان وغیرہ کے خالی کرنے کی اطلاع محکمہ ہذا کو کرنا ہوگی ورنہ جب میٹر کے علم میں آئیگا اسوقت تک کی قیمت قابل چارج ہوگی۔

(۶) وہ اصحاب جو سرکاری مکانات میں بغیر ادائے کرایہ رہتے ہیں انکو محکمہ کا پانی استعمال کرنا ضروری ہوگا۔

طے پایا کہ

بغرض وصول مطالبہ واٹر ورکس۔ مراتب مصرحہ بالا کی منظوری دی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجراء احکام برائے کارروائی ضروری نسبت وصول مطالبہ بخدمت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مرسل ہوں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ مورخہ ۲۹ جولائی ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ جولائی ۱۹۳۰ء میں کاغذات تقرر غیر مستقل عبدالصمد کلرک بشاہرہ تیس روپیہ برائے یک ماہ از یکم جون ۳۰ء تا ۳۰ جون ۱۹۳۰ء بسلسلہ رخصت سید احمد رضا اکاونٹ کلرک دفتر جائداد کلکتہ۔ پیش ہو کر طے پایا کہ۔

عبدالصمد کلرک کا عارضی تقرر برائے یکم جون ۱۹۳۰ء بشاہرہ تیس روپیہ منظور ہے۔

مبلغ تیس روپیہ مد الاونس ملازمان بجٹ فائنانس سکشن بہادر جائداد کلکتہ کی مد شاہرات میں منتقل کئے جائیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

از کاغذات کونسل اسٹیٹ

مورخہ ۲۶ رجولائی ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ رجولائی ۱۹۳۸ء میں کاغذات مستقلی پنشن منشی یوسف علی خاں صاحب سابق تحصیلدار تعدادی پچاسی روپیہ تین آنہ ماہانہ از ۱۲ راگست ۱۹۳۷ء پیش ہو کر طے پایا کہ۔ حسب تحریک محکمہ منشی یوسف علی خاں صاحب کی پنشن بحساب پچاسی روپیہ تین آنہ ماہانہ از ۱۲ راگست ۱۹۳۷ء مستقل کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام صاحب فائنانس سکریٹری بہادر کی خدمت میں ارسال کئے جائیں

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

از کاغذات کونسل اسٹیٹ

مورخہ ۲۶ رجولائی ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ رجولائی ۱۹۳۸ء میں کاغذات منظوری مزید توسیع مدت ملازمت مسٹر جان والٹر ڈیگریوز صاحب سپرنٹنڈنٹ ٹیلیفون از یکم مئی ۱۹۳۸ء تا ۳۰ راپریل ۱۹۳۹ء پیش ہو کر طے پایا کہ۔

بسلسلہ عمر زائد از پچپن سال مسٹر جان والٹر ڈیگریوز سپرنٹنڈنٹ صاحب ٹیلیفون کی مدت ملازمت میں بمشاہرہ موجودہ یکم مئی ۱۹۳۸ء سے ۳۰ راپریل ۱۹۳۹ء تک توسیع منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ منفصلہ مثل متعلقہ محکمہ صدر سے داخل محافظ خانہ کی جائیں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

از کاغذات کونسل اسٹیٹ

مورخہ ۲۶ رجولائی ۱۹۳۸ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ رجولائی ۱۹۳۸ء میں کاغذات بابت منظوری مستقلی پنشن مسٹر کریم اللہ ریٹائرڈ انجنیر واٹر ورکس پیش ہو کر واضح ہوا کہ مسٹر کریم اللہ کی مدت ملازمت کی ابتدا ۱۸۹۸ء میں ہوئی اور یکم مئی ۱۹۳۵ء کو دو سو پینتالیس (۲۴۵) روپیہ ماہانہ اوسط تنخواہ پر ریٹائر ہوئے۔ چنانچہ آخری پندرہ سالہ مدت ملازمت پر جس میں کہ بحیثیت انجنیر واٹر ورکس کام کیا ہے اٹھتیس روپیہ ماہانہ کی عارضی پنشن جاری ہوئی۔ نامبردہ نے ابتدائے ملازمت سے پینتیس سالہ خدمات پر پوری تناسبی کی پنشن تراسی روپیہ پانچ آنہ (۸۳) ماہانہ کی استدعا کی ہے۔ صیغہ فنانس نے کل حالات کی تفصیل کرتے ہوئے تحریر کیا ہے کہ ۱۸۹۸ء سے ۲۸ رستمبر ۱۹۱۳ء تک تقریباً پندرہ سال کی مدت ملازمت غیر مستقل ہے محکمہ مستقلی کی تصدیق اندراجات سروس ریکارڈ

نہیں ہوئی۔ از ۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۳ء تا ۴ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء

چھ سال ایک ماہ چھ روز کی مدت جس میں نعیمہ کاستری

وہیڈ ستری مستقل ملازمت پر کام کیا ہے۔ اگر تحت

دفعہ (۸) نوٹ (۲) عہدہ ستری وہیڈ ستری کی

مدت کو قابل پنشن قرار دیدیا جائے تو اکیس

سال کی مدت پر سستاون روپیہ تیرہ آنہ ماہانہ

پنشن ہوگی۔ اپریل سنہ ۱۹۱۳ء سے جو ماہانہ قابل

کی پنشن۔ وہ خلاف قاعدہ ہے۔ کیونکہ کوئی پتہ سرِ

ریکارڈ سے بھی نہیں چلتا۔ اس کے علاوہ ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۳ء

کی یادداشت منظور شدہ اجلاس ہمایوں بتاریخ ۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۳ء

سے بھی ثابت ہے کہ اس سے قبل کی مدت ملازمت

غیر مستقل تھی۔ جس کو دوسری پیش کردہ شہادتوں

پر بہر حال ترجیح ہے

طے پایا کہ

حسب اتفاق فائنانس۔ مسٹر کریم اشرسابق

انجنیر واٹر ورکس کی مدت ملازمت مستقل ۲۹

ستمبر سنہ ۱۹۱۳ء تا ۴ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء تحت دفعہ (۸)

نوٹ ۲ قواعد پنشن۔ قابل عطائے پنشن قرار دیتے

ہوئے کل اکیس سال کی مدت ملازمت پر ستاون

روپیہ تیرہ آنہ ماہانہ کی مستقل پنشن کا اجراء ریٹائر

ہونے کی تاریخ سے منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے

احکام بخدمت صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

مرسل ہوں

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل